سوال

خواب کے تعبیر

جواب

خواب میں جنتی لڑکوں سے بات کرنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ سوال : میں نے ایک خواب دیکھا ہے کہ جنت سے کچھ جوان لڑکے زمین پر آئے ہیں اور انہوں نے سفید احرام باند ہے ہوئے ہیں ۔ اور میں ان کے ساتھ مجلس میں بیٹھ کے باتیں کررہا ہوں، آپ مہربانی کرکے اس خواب کے تعبیر بتادیں، اور آخر میں آپ کو ایک بات بتادوں کہ 10 سال پہلے مجھے شدیدی کینسر ہوا تھا ۔ ان 10 سالوں میں میں نے بہت تکلیف و پریشانی دیکھی ہے جو میں آپ کو بتا نہیں سکتا ہوں ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! جواب : اس خواب کی صحیح تعبیر تو ماہرین ہی بتا سکتے ہیں، لیکن اس سے جو میں سمجھا ہوں وہ شاید یہی ہو سکتی ہے کہ اللہ تعالی نے بیماری کے بدلے میں آپ کے گناہوں کو معاف کر دیا ہے، اور اس خواب کے ذریعے آپ کو جنت کی بشارت دی ہے ۔ آپ کو چاہئے کہ آپ اس بشارت سے اپنے آپ کو اللہ کے زیادہ سے زیادہ قریب کرنے کی کوشش کریں، اور بقیہ زندگی اللہ کے نیک اور فرمانبردار بندے بن کر رہیں ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی